© rasailojaraid.com

## موت العالِم موت العالَم

### مولانا عبدالقادر ندوی (ماموں کانجن) کا سانحہ ارتحال

مورخہ 8 مارچ بروز منگل جامعہ تعلیم الاسلام ماموں کانجن ضلع فیصل آباد کے سرپرست اور ممتاز علمی شخصیت مولانا عبدالقادر ندوی طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مولانا مرحوم صوفی محمد عبداللہؒ کے صحیح جانشین اور معاون تھے، صوفی صاحب کی وفات کے بعد جامعہ تعلیم الاسلام ماموں کانجن کے مہتمم مقرر ہوئے اور بہترین منتظم ثابت ہوئے۔ مولانا مرحوم کی جامعہ سے دلی محبت تھی کہ جامعہ کی املاک اور اشیاء کی حفاظت اپنی ذاتی چیزوں سے بڑھ کر کرتے، مرحوم نے اپنی پوری زندگی دین کی خدمت اور تبلیغ میں گزاری۔ اللہ مرحوم کی حسنات کو قبول ومنظور فرمائے۔ آمین

### ممتاز عالم دین استاذ الاساتذہ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد اعظم (گوجرانوالہ) کا انتقال پر ملال

مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے ممتاز رہنما، وفاق المدارس السلفیہ پاکستان کے ناظم تعلیمات، جامعہ اسلامیہ اہل حدیث گوجرانوالہ کے نائب شیخ الحدیث، جامعہ تعلیم القرآن والحدیث للبنات گوجرانوالہ کے شیخ الحدیث اور جامع مسجد رحمانیہ اہل حدیث گوجرانوالہ کے خطیب استاذی المکرم شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد اعظم مورخہ 15 مارچ بروز منگل 67 سال کی عمر میں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ وفات کے روز مولانا مرحوم نے جامعہ اسلامیہ میں اسباق پڑھائے اور نماز ظہر ادا کی، پھر مدرسہ باجی ثریا میں طالبات کو اسباق پڑھائے اور عصر کی نماز ادا کی۔ طبیعت خراب ہونے پر گھر چلے گئے اور چند لمحوں میں اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ مولانا مرحوم عرصہ تک فالج اور دیگر بیماریوں کے باوجود جماعتی، تدریسی اور تبلیغی سرگرمیوں میں کوئی فرق نہیں آنے دیا، یقیناً یہ ان کیلئے صدقہ جاریہ ہے۔ 16 مارچ صبح 10 بجے صغیر پارک کی وسیع گراؤنڈ میں حضرت الأمیر پروفیسر ساجد میر حفظہ اللہ نے مرحوم کی نماز جنازہ پڑھائی۔ نماز جنازہ سے قبل امیر محترم نے فرمایا کہ ''مولانا مرحوم اپنے اخلاق وکردار کے حوالہ سے بڑے نفیس انسان تھے۔ ساری عمر حدیث پڑھاتے رہے، جماعت کے ساتھ ان کی وابستگی مثالی تھی۔ میرے لئے حضرت مولانا حافظ محمد عبداللہ شیخوپوریؒ کے بعد یہ دوسرا بڑا صدمہ ہے۔'' نماز جنازہ میں علماء کرام اور جامعات کے اساتذہ وطلبہ کے علاوہ جماعتی احباب اور ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے ہزاروں لوگوں نے شرکت کی۔ جہلم سے رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر، شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل اور مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے شرکت کی۔

### صدر جامعہ سلفیہ فیصل آباد میاں نعیم الرحمٰن طاہر کا سانحہ ارتحال

مورخہ 24 اپریل بروز اتوار جامعہ سلفیہ فیصل آباد کے صدر اور مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے شعبہ



© rasailojaraid.com